# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## کلیۂ عربی وعلومِ اسلامیہ

## (شعبہ سیرت سٹڈیز)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: حقوق الرسول (3903) — سمسٹر: خزاں، 2026ء

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ (تخصص سیرت سٹڈیز)

ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL) موڈ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات غور سے پڑھیے۔

1. تمام سوالات لازمی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2. سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کریں۔
3. ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (Scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی، صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنے ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اپ لوڈ کر سکتے ہیں، فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔
4. ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5. مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔
6. آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7. غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ:1-4)

سوال نمبر 1۔ محبتِ رسول ﷺ کا لغوی و اصطلاحی مفہوم بیان کرتے ہوئے اس کے وجوب اور ایمانی اہمیت پر روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ اطاعت اور اتباعِ رسول ﷺ کا فرق واضح کریں اور قرآنی دلائل سے اطاعتِ رسول کی اہمیت بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ عصمتِ انبیاء علیہم السلام کا شرعی مفہوم کیا ہے؟ انبیاء کی عصمت سے متعلق صحیح اور راجح مذہب کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ عقیدۂ ختمِ نبوت کا مفہوم بیان کرتے ہوئے قرآن وسنت اور آئینِ پاکستان کی روشنی میں اس کی اہمیت تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ حقوقِ الرسول ﷺ کے بنیادی مفہوم کی وضاحت کریں اور عصرِ حاضر میں عالمِ اسلام کی ذمہ داریوں کا جائزہ لیں۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ:5-9)

سوال نمبر 1۔ نصرتِ رسول ﷺ کا شرعی مفہوم بیان کرتے ہوئے عصرِ حاضر میں اس کی عملی صورتوں کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ قرآن وسنت کی روشنی میں صلاۃ وسلام کا شرعی حکم اور اس کے فضائل وثمرات تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ نبی اکرم ﷺ اور امہات المؤمنین رضی اللہ عنہن کے ادب واحترام کے شرعی احکام بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ آلِ رسول اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی عظمت واحترام کے احکام لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ تحفظِ ناموسِ رسالت کا مفہوم بیان کرتے ہوئے اس حوالے سے عالمِ اسلام کی ذمہ داریوں کی وضاحت کریں۔ (20)